# Press Release

February 16, 2018

ایس ای سی پی نے اکاؤنٹنگ اور آڈٹنگ کے شرعی معیارات نمبر17، 18اور 23 نافذ کردئے

اسلام آباد (16فروری) سیکورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے اسلامی مالیاتی اداروں کی اکاؤنٹنگ اور آڈٹنگ کی عالمی تنظیم کے اسلامی مالیاتی کمپنیوں کے لئے صکوک سرمایہ کاری ، تحویل (قبض) اور بلامعاوضہ خدمات فراہم کرنے والے ایجنٹوں کے کردار ( الفضولی) کے لئے تجویز کردہ شرعی معیارات نافذ کردئے ہیں۔ شریعہ معیار نمبر17، 18اور 23 کے نافذالعمل ہونے کا نوٹیفیکیشن جاری کردیا گیا ہے۔

پاکستان میں اسلامی مالیاتی معیشت اور اسلامی مالیاتی اداروں میں عالی معیارات کے فروغ کے لئے اسلامک فنانشل سروسز بورڈ کے تجویز کردہ معیارات کو مقامی حالات کے تناظر میں ایس ای سی پی کے ریگولیٹری فریم ورک کے تحت تسلسل کے ساتھ نافذ کیا جارہا ہے۔ اسلامی مالیاتی نظام کے بین الاقوامی معیارات کو مقامی اسلامی مالیاتی خدمات فراہم کرنے والے اداروں میں کامیابی کے ساتھ متعارف کروانے کے لئے ایس ای سی پی عالمی معیارات مقرر کرنے والے بین الاقوامی اداروں اور مقامی کمپنیوں کے ساتھ مشاورت کا عمل مسلسل جاری رکھے ہوئے ہے۔

پاکستان کی اسلامی مالیاتی مارکیٹ میں شریعہ معیارات کی اہمیت کے پیش نظر ایس ای سی پی کے شریعہ ایڈوائزری بورڈ نے مندرجہ بالا معیارت کو نافذ کرنے کی منظوری دی تھی۔ شریعہ بورڈ سے منظوری حاصل کرنے کے بعد مذکورہ بالا معیارات کے بارے تمام شراکت داروں اور عوامی الناس سے سیر حاصل مشاورت بھی کی گئی۔ معیارات پر مشاورت کا عمل مکمل ہونے کے بعد کمیشن کی منظوری سے اسلامی مالیاتی اداروں میں اکاؤنٹنگ اور آڈٹنگ کے شریعہ معیار نمبر17، 18 اور 23 کے نفاذ کا نوٹیفیکیشن جاری کردیا گیا ہے۔

اس سے پہلے بھی ایس ای سی پی نے 2005، 2017، اور 2013 میں اسلامی مالیاتی اداروں کے لئے تین معیارات جاری کئے تھے جو کہ مرابحہ ، اجراء اور نفع اور نقصان کی تقسیم سے متعلق تھے۔ جبکہ جنوری 2016 میں قرض دہندہ کی جانب سے قرض کی ادائیگی میں ناکامی، مرابحہ، اجراء اور مضاربہ سے متعلق چار مزید معیارات نافذ کئے تھے۔